**25/07/2025**

**09.25 AM**

**آداب**

**یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔**

**اب آپ شیخ انور الحق سے خبریں سُنئیے**

**LG**

**لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے نوجوانوں سے تاکید کی ہے کہ وہ ملک کے ترقیاتی سفر میں قائیدانہ رول ادا کریں۔ اسلامک یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی میں منعقد کر دہ ” وِکست بھارت یووا کنکٹ پروگرام“ سے خطاب کر تے ہوئے منوج سنہا نے کہا کہ جمونو کشمیر کے نوجوان خطے کے مستقبل کو روشن کرسکتے ہیں۔**

**لیفٹنٹ گورنر نے اس طرح کے پروگرام کے انعقاد پر یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور عملے کے نام سے طالب Say no to Drugs کو مبارکباد پیش کر تے ہوئے کہا کہ ہر یونیورسٹی میں علموں کی کمیٹیاں تشکیل دی جانی چاہئے۔**

**----**

**وزیر اعلیٰ**

**وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کشمیری دستکاری کے نام پر مشین سے بنے قالین فروخت کئے جانے کے معاملے کا سنگین نوٹس لیتے ہوئے محکمہ صنعت و حرفت کو اسطرح کی دھوکہ دہی میں ملوث شو رومز اور کاروباریوں کے خلاف سخت کاروائی کرنے کی ہدایت دی ہے۔**

**وہ سرینگر میں اُن سے ملنے آئے قالین کی بُنائی اور تجارت سے وابستہ کئی انجمنوں کے نمائندوں کے ساتھ ملاقات کے دوران اظہار خیال کررہے تھے۔**

**سکینہ ایتو**

**صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے سیول سیکریٹریٹ سرینگر میں افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران کولگام ضلعے کے دمہال ہانجی پورہ حلقے کے ترقیاتی منظر نامے کا تفصیلی جائزہ لیا۔**

**وزیر موصوفہ نے محکمہ آر اینڈ بی کو ہدایت دی کہ وہ اسپتالوں اور عوامی اہمیت کے دیگر اداروں کی طرف جانے والی سڑکوں کو فوری طور اپگریڈ کرے۔**

ستیش شرما

صارفین سے جڑے تنازعات کی چارہ جوئی سے متعلق جمونو کشمیر کمیشن نے امور صارفین کے وزیر ستیش شرما سے ایک میٹنگ کر کے حقوق صارفین کو مضبوط کرنے کےلئے ایک نقش راہ مرتب کرنے کی غرض سے ضروری امور پر تبادلہ خیال کیا۔

میٹنگ کے دوران کمیشن کی مجموعی کار گذاری کا بھی جائزہ لیا گیا جس میں محکمہ امور صارفین کے کمشنر سیکریٹری سوربھ بھگت بھی موجود تھے۔

ہارٹیکلچر

سرینگر میں محکمہ ہارٹیکلچر پلاننگ اینڈ مارکیٹنگ کے زیراہتمام اپنی نوعیت کی پہلی بائر سیلر میٹ منعقد کی گئی جس کا افتتاح زراعت کے وزیر جا وید احمد ڈار نے کیا۔

وزیر موصوف نے پروگرام کے انعقاد کےلئے محکمے کی سراہنا کرتے ہوئے کہا کہ ایسے اقدام سے وادی میں میوہ صنعت کو فروغ ملے گا جبکہ باغ مالکان کو اپنی پیدا وار کا معقول معاوضہ حاصل ہو گا۔

نامہ نگاروں کے ساتھ بات کر تے ہوئے جا وید احمد ڈار نے کہا ۔

--------

وجے دِوس

کر گل جنگ کی یاد میں کل منائے جانے والے کر گل وجے دِو س سے قبل آج کر گل میں کئی شروعاتی پروگراموں کا اہتمام ہے۔

ہمارے کر گل کے نمائندے عنایت علی نے خبر دی ہے کہ آج حب الوطنی اور ثقافتی پروگرام منعقدہونگے جبکہ کل زوجیلہ جنگی یاد گار پر قومی جھنڈے کی تنصیب کے بعد جنگی ہیروز کو شاندار خراج ادا کیا جائے گا۔

یاترا

سالانہ شری امر ناتھ جی یاترا دونوں روایتی راستوں سے احسن طور جاری ہے ۔ اب تک مجموعی طور پر تقریباً 3 لاکھ 52ہزار139یاتری امر ناتھ گپھا میںحاضری دے کر شیو لنگم کے درشن کر چکے ہیں ۔

اُدھرجموں کے بھگوتی نگر بیس کیمپ سے آج صبح 2ہزار896یاتریوں پر مشتمل ایک اور قافلہ وادی کی طرف محو سفر ہے۔

دریں اثناءامر نا تھ یاترا سے منسلک چھڑی مبارک آج سویرے مہنت دپندرگیری کی نگرانی میں تاریخی شارکا دیوی مندر پہنچائی گئی ہے، جہاں اسکی خصوصی پوجن کی جا رہی ہے۔

LOP

اسمبلی میں حزب اختلاف کے لیڈر سنیل شرما نے نئی دلی میں وزیر اعظم کے دفترمیں وزیر مملکت ڈاکٹر جتیندر سنگھ سے ملاقات کر کے جمونو کشمیر کے ترقیاتی منظر نامے اور سلامتی صورتحال جیسے امور پر تبادلہ خیال کیا۔

انہوننے احسن طریقے پر جا ری سالانہ شری امر نا تھ جی یاترا کےلئے اطمینان کا اظہار کیا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جمونو کشمیر میں تیز تر اقتصادی ترقی کےلئے ضروری متعدد سڑک پروجیکٹوں سے متعلق تفصیلی پروجیکٹ رپورٹوں کی فاسٹ ٹریک منظوری میں نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیا کا سرگرم تعاون طلب کیا ہے۔

انہوننے اتھارٹی کے چیر پر سن سنتوش کمار یادو کے ساتھ منعقدہ ایک میٹنگ میں جمونو کشمیر میں اہم ہائی وے پروجیکٹوں پر عمل آوری کی پیش رفت کا تفصیلی جائزہ لیا۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت20 اعشاریہ7ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت25اعشاریہ 2ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

خبروں کا اگلا بلیٹن دن میں بارہ بج کر تیس منٹ پر اردو میں نشر ہو گا ۔

ہمیں دیجئے اجازت، خدا حافظ

..............................................

.................................

.........................